© rasailojaraid.com



دھواں جوف میں پہنچانا ہے۔ اسی سے حقہ یا سگریٹ نوشی کا حکم بھی واضح ہوگیا۔)

چنانچہ معلوم ہوا کہ مجری النفس میں کوئی بھی شئی مثل دھواں یا بھاپ وغیرہ داخل کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

س: کیا مسجد کو صدقہ فطر دیا جا سکتا ہے

ج: صدقہ فطر اور دیگر صدقات کے مصارف قرآن وسنت نے بیان کردئے ہیں، اور مال حلال سے مساجد کی تعمیر کی ترغیب دی گئی ہے۔ مساجد میں صدقہ فطر مسجد کے مصارف کے لئے نہیں دیا جا سکتا تاہم اگر کسی مسجد میں غریب مسکین طلبہ یا محتاجین ٹھہرے ہوئے ہوں تو انہیں صدقہ فطر دینے میں حرج نہیں۔

س: نظرِ بد کس زمرے میں آتی ہے اور اس کا علاج کیا ہے۔

نظر بد حق ہے اور اس پر جنابِ رسول مقبول ﷺ کی احادیث مبارکہ دلیل ہیں۔ اور آپ ﷺ نے اس کا علاج معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) پڑھ کر دم کرنے کی صورت میں بتایا ہے۔

س: قیامت کے بعد اللہ تعالی کیا کرے گا؟

ج: قیامت کے دن اللہ تعالی کیا کرے گا۔ اس کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں، جس بات کی فکر کرنے کی ضرورت ہے وہ یہ کہ قیامت سے پہلے پہلے ہمیں کیا کرنا ہے تاکہ قیامت کے بعد کی زندگی آسان ہو۔ تاہم کسی منچلے نے خوب کہا ہے کہ:

آخرت میں وہ کیا کرے گا.................یہی کہ ہم اس کو دیکھتے ہوں گے وہ ہم کو دیکھتا ہوگا۔

س: خلفائے راشدین کی شان میں گستاخی کرنے والے کا کیا حکم ہے؟

ج: خلفائے راشدین کی شان میں گستاخی کرنے والا کوئی مسلمان بھی ہوسکتا ہے، میرے خیال میں ایسا ناممکن ہے کہ کوئی خلفائے راشدین یا اصحاب رسول ﷺ کی شان میں گستاخی کرے اور وہ مسلمان بھی ہو۔ صحابہ کرام یا خلفائے راشدین کی شان تو اللہ تعالی نے یہ بیان فرمائی ہے کہ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ اب جن سے خدا راضی ہوگیا ان سے خدا کی مخلوق ناراضگی کا اظہار کرے، ان کی شان میں کوئی کلمہ نازیبا کہے، اور اسے ان کی اسلام کے لئے خدمات کا بھی کوئی حیا نہ ہو تو اور وہ شخص مسلمان ہونے

فضل العالم علی العابد کفضل القمر علی سائر الکواکب (سنن ابوداود وترمذی)

© rasailojaraid.com